# PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION

Recognized By Government of Pakistan

50/1, G.T Road Opp. Govt. Degree College for Women, Wazirabad 52000 Pakistan Ph. +92-55-6602825, Fax: +92-55-6600740, P.O Box: 41 Email: pcsumea@gmail.com - web: www.pcsumea.org


**Ref: PCSUMEA/EC-11/2024** **Dated: 3rd Oct 2024**

To,
**The all Executive Committee Members**
**PCSUMEA.**

**SUBJECT:** 1ST EXECUTIVE COMMITTEE MEETING

Dear Sir,

It is intimated that the **1st Executive Committee Meeting** will be held in the meeting room of Pakistan Cutlery and Stainless Utensils Manufacturers and Exporters Association Wazirabad on **Saturday 5th October 2024** at **1:00 (pm)** under the supervision of **Chairman.**

We request to all the Executive Committee members to attend the meeting at the specified date and time.

**AGENDA OF THE MEETING IS AS UNDER:-**

1. Recitation of the Holy Quran.
2. Introductive Session of newly elected Office Bearers & Executive Committee Members.
3. Discuss on Formulation of Working Committees.
4. Briefly Discussion about Blade Show USA 2025 by TDAP.
5. Briefly Discussion about Sales Tax Notices issued by FBR to PCSUMEA & Cutlery Sector.
6. Increment of Staff Salaries. (Arrears are pending since July 2024)
7. Any other point will be discussed by the permission of Chairman.

SECRETARY GENERAL
PAKISTAN CUTLERY ASSOCIATION
WAZIRABAD

# 1ST EC MEETING MINUTES 05-10-2024

پاکستان کٹلری اینڈ سٹین لیس یوٹینسلز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹر ایسوسی ایشن وزیر آباد کی پہلی ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ مورخہ 5 اکتوبر 2024 زیر صدارت جناب چیئرمین محمد جمال بھٹہ صاحب میٹنگ ہال میں منعقد کی گئی۔ سیکرٹری جنرل صاحب نے میٹنگ کورم مکمل ہونے کے بعد چیئرمین صاحب سے کہا کہ میٹنگ کا باقاعدہ آغاز شروع کر سکتے ہیں۔

## RECITATION OF HOLY QURAN

میٹنگ کا باقاعدہ آغاز ایگزیکٹو ممبر شفاقت نذیر صاحب نے تلاوت قران پاک سے کیا گیا۔

## INTRODUCTIVE SESSION OF NEWLY OFFICE BEARERS & EXECUTIVE COMMITTEE MEMBERS

چیئرمین محمد جمال بھٹہ صاحب نے نئے منتخب ہونے والے ایگزیکٹو کمیٹی ممبران اور آفس بیئررز کو مبارکبادی اور خوش آمدید کہا۔ چیئرمین صاحب نے بتایا کہ آپ ایگزیکٹو ممبران آئندہ دو سالوں کے لیے منتخب ہو گئے ہیں۔ چیئرمین صاحب نے تمام ایگزیکٹو ممبران کو اپنا تعارف پیش کرنے کو کہا۔ ہاؤس کے تمام ایگزیکٹو ممبران نے اپنا اپنا تعارف کروایا۔

## DISCUSS ON FORMULATION OF WORKING COMMITTEES

چیئرمین صاحب نے ورکنگ کمیٹیوں کے قیام کے حوالے سے بتایا کہ ہم اس سال مختلف کمیٹیوں کا قیام عمل میں لانا چاہتے ہیں۔ جس میں مختلف کمیٹیاں زیر غور ہیں جو آنے والی میٹنگ میں فائنل کر لیں گے۔ کچھ کمیٹیاں پروپوزڈ کی گئی ہیں۔

پروپوزڈ واپڈا کمیٹی ممبران: محمد عثمان، محمد افضل چوہان اور طارق محمود

پروپوزڈ پولیس کمیٹی ممبران: طارق محمود، محمد افضل چوہان، عادل ظفر وڑائچ اور ایک ممبر محکمہ پولیس سے ہو

پروپوزڈ ڈیلیگیشن کمیٹی ممبران: فرقان احمد، ناصر محمود طور، محمد زبیر، الیاس خان اور محمد نعیم

پروپوزڈ فنانس کمیٹی ممبران: شفاقت نذیر، طلعت عبد الرؤف اور مرزا عمیر اختر بیگ

پروپوزڈ آرٹ اینڈ کرافٹ کمیٹی ممبران: محمد نعمان، طلعت عبد الرؤف، مرزا وقاص اور زین آصف

پروپوزڈ سیمینار اینڈ ایونٹ کمیٹی ممبران: انسب اعجاز، مرزا عمیر اختر بیگ اور شفاقت نذیر

ایگزیکٹو ممبر انسب اعجاز نے کٹلری ممبران سے ہٹ کے فیلڈ کی سپیشلسٹ کو کمیٹیوں میں شامل کرنے کی رائے دی۔ جس کو ہاؤس میں موجود تمام ممبران نے تسلیم کیا۔ کہ ایسے سپیشلسٹ لوگ متعلقہ کمیٹی کا پارٹ ہونے چاہئے جو کہ کمیٹی کے کنوینز اور آفس بیئررز کی صوابدید پر ہوں گے۔



PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION G.T. ROAD WAZIRABAD

Scanned with CamScanner

فنانس کمیٹی آج سے پہلے کبھی نہیں بنائی گئی تھی لیکن موجودہ رجیم اس کمیٹی کی ضرورت محسوس کر رہی ہے۔ لہذا اس کمیٹی کا قیام فوری عمل میں لایا جائے اور اس کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا جائے۔ موقع پر ہی ہاؤس نے اس کمیٹی کو تشکیل دینے کی اپروول دے دی۔

چیئرمین صاحب نے ہاؤس میں موجود تمام ایگزیکٹو ممبران کو بتایا کہ ہر ماہ کے پہلے ہفتے ہماری ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ ہوا کرے گی۔
چیئرمین صاحب نے بتایا کہ دو کمیٹیاں جن میں فنانس اور سیمینار کمیٹی شامل ہے۔ ہم ان کے نوٹیفکیشن سرکلر کر دیں گے اور باقی کمیٹیوں کے نوٹیفکیشن بعد میں کر دیں گے۔

## BRIEFLY DISCUSSION ABOUT BLADE SHOW USA 2025 BY TDAP

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی اف پاکستان کے سالانہ کیلنڈر ائیر 2024 اور 2025 میں کٹلری سیکٹر سے متعلقہ بیرون ملک ایگزیبیشن اور ڈیلیگیشن کو شامل کیا گیا ہے۔
فارن ایگزیبیشن میں پولینڈ اور امریکہ شامل ہیں۔
فارن ڈیلیگیشن میں سعودیہ، سینٹرل ایشیا(ازبکستان، آذربایجان) چائنہ اور دبئی شامل ہیں۔

سنیئر وائس چیئرمین حبیب اللہ صاحب نے بتایا کہ ہم سب سے پہلے امریکہ میں ہونے والی نمائش جو اگلے سال منعقد ہو رہی ہے۔ ہم اس نمائش میں شرکت کرنے کے لیے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے پروڈکٹ آفیسر کے ساتھ اگلا لائحہ عمل طے کریں گے۔ ڈاکٹر زین العابدین ہمارے کٹلری سیکٹر کو دیکھ رہے ہیں اور اس شو کے بارے میں مزید معلومات ان سے حاصل کر کے آپ تمام ایگزیکٹو ممبران کو بتائیں گے۔

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ 19 اکتوبر بروز بدھ کو صبح 11 بجے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان سیالکوٹ کے ڈائریکٹر جنرل خالد رسول صاحب ایسوسی ایشن میٹنگ کرنے آ رہے ہیں۔ اور یہ میٹنگ ڈیلیگیشن اور ایگزیبیشن کے حوالے سے ہو گی آپ تمام ایگزیکٹو ممبران اس میٹنگ میں لازمی شرکت کریں۔

## BRIEFLY DISCUSSION ABOUT SALES TAX NOTICES ISSUED BY FBR TO PCSUMEA & CUTLERY SECTOR

سیلز ٹیکس نوٹسز کے حوالے سے سنیئر وائس چیئرمین حبیب اللہ صاحب نے بتایا کہ ایف بی آر آفس وزیر آباد کٹلری سیکٹر کو سیلز ٹیکس کے حوالے سے ایک لیٹر لکھا ہے کہ جس میں وہ کٹلری ایسوسی ایشن کو FBR کے ساتھ تعاون کرنے پر زور دیا گیا ہے۔ وہ ممبران کو رجسٹرڈ کرنا چاہتے ہیں۔ اس لیٹر کے حوالے سے سنیئر وائس چیئرمین صاحب نے ایف بی آر آفس وزیر آباد کے ڈپٹی کمشنر صاحب سے میٹنگ کی اور سیلز

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION G.T. ROAD WAZIRABAD



CamScanner

ٹیکس کے رجسٹریشن کے عمل کو فوری رکوا دیا ہے۔ اس حوالے سے ہم نے ایک سرکلر بھی بنایا ہے جو ہم آج میٹنگ مکمل ہونے کے بعد تمام گروپس میں شیئر کر دیں گے۔ جن ممبران کو یہ نوٹسز جاری کیے گئے ہیں وہ ایسوسی ایشن آفس میں فوری رابطہ کریں۔

## INCREMENT OF STAFF SALARIES

چیئرمین صاحب نے ہاؤس کو بتایا کہ ایسوسی ایشن کا موجودہ بینک بیلنس بہت کم ہے لہذا موجودہ حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے تنخواہوں میں اضافہ نہیں کیا جا سکتا ہے۔

ہاؤس میں موجود تمام ایگزیکٹو ممبران نے اس حوالے سے سوال اٹھائے کے ایسوسی ایشن کو الیکشن کی مد میں ایک خطیر رقم وصول ہوئی ہے۔ اس کو کہاں پر خرچ کیا گیا ہے۔ ہمیں یکم جولائی 2024 سے لے کر 30 ستمبر 2024 تک کی رپورٹ پیش کی جائے۔ اور فنانس کمیٹی کو کہا گیا کہ آپ اس رپورٹ کو چیک کریں اور اگلی ماہ ہونے والی ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ میں رپورٹ کو سب کے سامنے پیش کریں۔

چیئرمین صاحب نے ہاؤس کی رضامندی سے سیکرٹری جنرل کو کہا کہ آپ تین ماہ کی رپورٹ اگلی ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ میں پیش کریں۔ چیئرمین صاحب نے مزید کہا کہ گزشتہ رجیم نے ایگزیکٹو ممبران کی ڈونیشن کی اپروول دی تھی ہر ایگزیکٹو ممبر پانچ ہزار روپے ماہانہ ڈونیشن دے گا۔ آپ تمام ایگزیکٹو ممبران یہ عطیہ جات ایسوسی ایشن کے بنک اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کریں گے۔ ایسوسی ایشن کا بینک اکاؤنٹ آپ تمام ایگزیکٹو ممبران کے ساتھ شیئر کر دیا جائے گا۔ جو ممبران زیادہ ماہ کا عطیہ دینا چاہتے ہیں تو وہ دے سکتے ہیں۔ ایسوسی ایشن کے معاملات کو چلانے کے لیے میں تمام ایگزیکٹو ممبران سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اس ماہ کا عطیہ فوری جمع کروائیں۔

## OTHER POINTS

### سپیشل انوائیٹیز

چیئرمین صاحب نے سپیشل انوئیٹیز کے بارے میں ایگزیکٹو ممبران سے رائے لی کہ ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ میں سپیشل انوئیٹیز کو بلانا چاہیے یا نہیں۔ تمام ممبران سے اس کے بارے میں پوچھا گیا جس میں ایگزیکٹو ممبران نے اکثریتی رائے سے فیصلہ کیا کہ ایگزیکٹو میٹنگ میں صرف ایگزیکٹو ممبران ہی میٹنگ اٹینڈ کریں گے۔ اگر کبھی ضرورت پیش آئی تو سپیشل انوئیٹیز کے بارے میں سوچا جا سکتا ہے اور آفس بیئررز کی صوابدید پر ان کو موقع کی مناسبت سے بلایا جا سکتا ہے۔

### ممبرشپ فیس

چیئرمین صاحب نے ممبرشپ فیس کے حوالے سے بتایا کہ ہماری ایسوسی ایشن کی فیس دوسری ایسوسی ایشنز کے مقابلے میں بہت کم ہے۔ اس وقت کارپوریٹ کلاس اور ایسوسی ایٹ کلاس کی تجدید ممبرشپ فیس چار ہزار روپے ہے اور نئی ممبرشپ کی فیس ہے 4500 روپے ہے۔ ہاؤس میں موجود تمام ایگزیکٹو ممبران نے تجویز دی کی کہ ان فیسوں کو بڑھایا جائے خاص طور پر کارپوریٹ کلاس کی فیس میں اضافہ



PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION G.T. ROAD WAZIRABAD

Scanned with CamScanner

ضروری ہے۔ ہمیں آئندہ سال ممبر شپ فیس میں اضافہ کرنا چاہیے تاکہ ایسوسی ایشن کے فنڈز میں اضافہ کیا جاسکے کیونکہ ایسوسی ایشن کا مین سورس آف انکم ممبر شپ فیس ہے۔

**کلسٹر کمیٹی**

ہاؤس سے اس کمیٹی کے قیام کے لیے تجاویز درکار ہیں۔ ہاؤس میں موجود تمام ممبران نے بتایا کہ اس کمیٹی کی ضرورت ہے تو بنالیں اگر یہ کمیٹی بنائی جاتی ہے تو اس میں آپ سنیئر ممبران کے علاوہ جونیئر اور نئے ممبران کو بھی شامل کریں۔ تاکہ جونیئر ممبران کو اس کا تجربہ ہو جائے اور ضرورت محسوس ہو تو اس کمیٹی کا نام تبدیل کر دیا جائے۔

اس کے بعد ایگزیکٹو ممبر تیمور ارشد میر صاحب نے چیئر مین صاحب کی اجازت سے ہاؤس کو بتایا کہ آپ ٹیکس کے معاملے میں سیالکوٹ چیمبر کو ساتھ لے کر چلیں۔ ان سے ٹیکس کے حوالے سے میٹنگز کرے۔ چیئر مین صاحب نے اس پر موقف بیان کیا کہ ہم ضرور سیالکوٹ چیمبر کے ساتھ رابطے میں رہیں گے۔

آخر میں چیئر مین صاحب نے میٹنگ میں شامل ہونے والے ایگزیکٹو ممبران کا شکریہ ادا کیا اور اس کے ساتھ میٹنگ برخاست ہو گئی۔

SECRETARY GENERAL
PAKISTAN CUTLERY ASSOCIATION
WAZIRABAD

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS
MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION
G.T.ROAD
WAZIRABAD

Approved & issued on
dated : 29/10/24